**Inam / Sadiq**

**17-12-2024**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... شبانہ رحمٰن

**Music**

---

☆ حکومت نے ایک ملک ایک انتخاب بل لوک سبھا میں متعارف کیا ہے۔ اپوزیشن نے بل کی مخالفت کی ہے اور اِسے آئین کے بنیادی ڈھانچے پر ایک حملہ قرار دیا ہے۔

☆ راجیہ سبھا میں بھارت کے آئین کے 75 سال کے شاندار سفر پر خصوصی مباحثہ شروع ہوگیا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے جے پور میں 46 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے 24 پروجیکٹوں کا افتتاح کیا ہے اور سنگِ بنیاد رکھا ہے۔

☆ شمال مغربی بھارت میں شدید سردی کی لہر میں اضافہ ہوگیا ہے۔ مختلف مقامات پر کم از کم درجۂ حرارت پانچ ڈگری تک نیچے چلا گیا ہے۔

☆ دلّی میں فضائی آلودگی بڑھ گئی ہے۔ AQI کی سطح گر کر نہایت خراب زمرے میں چلی گئی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، بھارت بارڈر گواسکر ٹرافی میں آسٹریلیا کے خلاف Follow - On بچا لیا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**One Nation One Election**

ایک ملک ایک انتخابات سے متعلق بل پیش کرنے کا عمل لوک سبھا میں جاری ہے۔ مرکزی وزیر قانون ارجن رام میگھوال نے آئینی بل 2024 (129 ویں ترمیم) اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے متعلق قانون کا ترمیمی بل 2024 لوک سبھا میں پیش کرنے کے لیے تحریک کا آغاز کیا۔

***1400 Arjum Ram Meghwal On One Nation***

کانگریس، ٹی ایم سی، سماجوادی پارٹی، ڈی ایم کے، شیو سینا (یو بی ٹی)، سی پی آئی ایم اور دیگر پارٹیوں سمیت اپوزیشن پارٹیوں نے یہ کہتے ہوئے اِس کی مخالفت کی کہ یہ آئین کے بنیادی ڈھانچے پر ایک حملہ ہے۔ انھوں نے مزید جانچ کے لیے اِن بلوں کو مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے پاس بھیجنے کا مطالبہ کیا۔ x

**Opposition - One Nation**

کانگریس جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے کہا کہ اُن کی پارٹی نے ایک ملک ایک انتخاب بل کو مسترد کردیا ہے اور وہ اسے متعارف کرائے جانے کی مخالفت کریں گے۔ انہوں نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ اِن بلوں کو مشترکہ پارلیمانی کمیٹی **JPC** کو ریفر کیا جانا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس کا ماننا ہے کہ یہ بل آئین کے بنیادی ڈھانچے کے خلاف جائیں گے۔

پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے، سماج وادی پارٹی کے ممبر پارلیمنٹ دھرمیندر یادو نے بھی یہ کہتے ہوئے، اسی طرح کی تشویش ظاہر کی کہ یہ بل غیرآئینی ہیں اور یہ ریاستوں کی آواز دبائیں گے۔

***SB - Dharmendar Yadav***

**NCP-SP** رکن پارلیمنٹ سُپریا سُولے بلوں میں ترامیم کرتے ہوئے، مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی بات کہی اور سبھی پارٹیوں کے ساتھ قانون پر وسیع تر بات چیت کی ضرورت پر زور دیا۔

**CPI-M** ممبر پارلیمنٹ **Jhon Brittas** نے کہا کہ ایک ملک ایک انتخاب بل وفاقی اصولوں کے خلاف ہے اور اُن کی پارٹی کی اِس کی شدید مخالفت کرے گی۔ **x**

**RS Constitution**

راجیہ سبھا میں آج بھارت کے آئین کے باوقار **75** سال پر خصوصی بحث پھر سے شروع ہوئی۔

بحث میں حصہ لیتے ہوئے ایوان کے لیڈر اور مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے کہا کہ بھارت صرف سب سے بڑی جمہوریت نہیں ہے، بلکہ جمہوریت کی ماں ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی اقدار کے مطابق جمہوریت آزادی، برابری اور سب کی شمولیت سے بنتی ہے اور شہریوں کو باوقار زندگی گزارنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔

جناب نڈّا نے کہا کہ حکومت اِس نظریئے کی پوری طرح پابند ہے اور انھوں نے کہا کہ ملک بھارتی آئین بنانے والے مقنّنہ اسمبلی کے ممبران کا قرض دار رہے گا۔

جناب نڈّا نے یہ الزام بھی لگایا کہ کانگریس پارٹی ماضی میں آئین پر حملہ کرتی رہی ہے۔

انھوں نے کہا کہ کانگریس نے عدلیہ کی آزادی پر حملے کیے اور اُن کے دور کی سرکاروں کے بدنام ڈیزائن کے خلاف بولنے والے کئی ججوں کو خاموش کیا۔ مرکزی وزیر صحت نے الزام لگایا کہ کانگریس نے ریاستوں کی مستحکم سرکاروں کو ہٹانے کیلئے آرٹیکل **356** کا **90** مرتبہ غلط استعمال کیا ہے۔ **x**

**LS Framers Income**

سرکار نے کسانوں کی آمدنی بڑھانے کے لیے چھ نکاتی لائحۂ عمل تیار کیا ہے۔ آج لوک سبھا میں جواب دیتے ہوئے زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے بتایا کہ کوششوں کے نتائج ملنا شروع ہوگئے ہیں اور کسانوں کی آمدنی جو **2002** اور **2003** میں **2** ہزار **115** روپے مہینہ تھی وہ **2018** اور **2019** میں بڑھ کر دَس ہزار **218** روپے مہینہ ہوگئی ہے۔

انھوں نے بتایا کہ پچھلے سال کسانوں کو دو لاکھ چودہ ہزار کروڑ روپے کی سبسڈی دی گئی تھی۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ مرکزی حکومت نے کم از کم امدادی قیمت پر ریکارڈ خریداری کی ہے۔ **x**

**New Pardhan Briefing**

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ امتحان منعقد کرانے والی قومی ایجنسی بھرتی امتحانات کے بجائے سال **2025** میں شروع ہونے والے اعلیٰ تعلیم کے داخلوں کیلئے داخلہ امتحانات منعقد کرانے پر خصوصی توجہ مرکوز کررہی ہے۔ آج نئی دلّی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت **10** نئی پوزیشن تشکیل دے کر قومی ٹسٹنگ ایجنسی کی تشکیل نو کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ جناب پردھان نے یہ بھی کہا کہ صحت کی وزارت کے ساتھ اِس سلسلے میں بات چیت جاری ہے کہ آیا **NEET-UG** امتحان آن لائن یا قلم اور کاغذ کے فارمیٹ میں منعقد کئے جائیں گے۔

جناب پردھان نے اِس بات کو بھی اجاگر کیا کہ گذشتہ **8** برسوں میں فی بچہ اخراجات میں **130** فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

یہ رقم ، جو **2013-14** میں **10** ہزار **780** روپے تھی، سال **2021-22** میں بڑھ کر **25** ہزار **43** روپے ہوگئی ہے۔ جناب پردھان نے یہ بھی بتایا کہ حکومت نے ''پی ایم پوشن'' اسکیم کے تحت ایک لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم خرچ کی ہے۔ **x**

**PM Jaipur**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج جے پور میں ایک پروگرام میں شرکت کی ، جس کا اہتمام راجستھان حکومت کے ایک سال پورا ہونے کے موقع پر کیا گیا تھا۔ پروگرام کے دوران وزیر اعظم نے **46** ہزار **300** کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے توانائی، سڑک، ریلویز اور پانی سے متعلق **24** پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگِ بنیاد رکھا۔

***S-B PM On***

ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے ریاست کو آگے لے جانے میں ڈبل انجن کی حکومت کے رول پر زور دیتے ہوئے، راجستھان کی مجموعی ترقی کے حکومت کے عہد کو اجاگر کیا۔

اس پروگرام میں راجستھان اور مدھیہ پردیش کے وزراء اعلیٰ نے بھی شرکت کی ۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ڈبل انجن کی حکومت، راجستھان کی ترقی کیلئے انتھک کام کررہی ہے اور انہوں نے '' **One Year-Result Utkarsh** '' پروگرام کا حصہ بننے اور جے پور میں ترقی کے کلیدی پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے اور سنگِ بنیاد رکھنے پر اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔ **x**

**PM- Tulsi Gowda**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کرناٹک سے تعلق رکھنے والی ماحولیات کی مشہور سماجی کارکن اور پدم ایوارڈ یافتہ تُلسی گوڑا کے انتقال پر صدمے اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ انہوں نے ہزاروں پودے لگاکر اور ماحولیات کا تحفظ کرتے ہوئے، پیڑپودوں کیلئے اپنی پوری زندگی وقف کردی۔ جناب مودی نے کہا کہ اُن کا کام مسلسل تحریک دیتا رہے گا اور ہمارے کرۂ ارض کا تحفظ کرنے کیلئے کئی نسلوں تک روشنی دیتا رہے گا۔x

**IMD weather**

بھارتی موسمیاتی محکمے **IMD** نے مغربی ہمالیائی خطے، راجستھان، پنجاب اور ہریانہ میں شدید سرد لہر کی پیش گوئی کی ہے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت میں **IMD** کے سینئر سائنٹسٹ سُوما سین رائے نے بتایا کہ اِن علاقوں میں شدید سرد لہر اگلے چھ سے سات روز تک جاری رہے گی۔

**CAQM - GRAP IV Imposed**

آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق قومی راجدھانی میں آج صبح چھ بجے ہوا کے معیار کا اشاریہ **AQI**، **418** سے تجاوز کر گیا اور انتہائی خراب زمرے میں چلا گیا۔

آلودگی کی سطح میں زبردست اضافے کے بعد ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق قومی کمیشن **CAQM** نے، دلّی **NCR** خطے میں **Grap-4** مرحلہ نافذ کر دیا ہے۔ دلّی **NCR** خطے میں بڑھتی ہوئی آلودگی کی سطح کے سبب دلّی میں سبھی پرائمری اسکولوں کو اگلے حکم تک **Hybrid** موڈ میں منتقل کردیا گیا ہے۔ **x**

**Delhi School Bomb Threa**

آج صبح دلّی کے دو اسکولوں کو بم کی دھمکی ملی ہے۔ دلّی کے آگ بجھانے والے محکمے کے مطابق رانی باغ کے ایک اسکول کو آج صبح **8** بجے بم کی دھمکی ملی اور تحقیقات کے بعد اسے ایک جھوٹی دھمکی قرار دیا گیا۔

محکمے نے مزید بتایا کہ تقریباً صبح دَس بجے کے آس پاس ساؤتھ دلّی میں ایک اور اسکول کو اسی قسم کی دھمکی ملی۔ یہ خبر ملتے ہی دلّی پولیس کی بم کا پتہ لگانے والی ٹیم اور آگ بجھانے والے محکمے کے افسر جائے وقوع پر پہنچ گئے اور تحقیقات ابھی جاری ہے۔**x**

**Russia Genral Killed**

ماسکو میں روس کے ایک سینئر جنرل لیفٹیننٹ جنرل اِیگور کریلووف اُس وقت ہلاک ہوگئے، جب ایک الیکٹرک اسکوٹر میں رکھا بم پھٹ گیا۔ روس کی تحقیقاتی کمیٹی کے مطابق کریلووف روس کی نیوکلیائی، حیاتیاتی اور کیمیائی تحفظی فوج کے سربراہ تھے۔ کریلووف پر اُن کی غیر موجودگی میں یوکرین میں ممنوعہ کیمیکل استعمال کرنے کے الزام لگائے گئے تھے، جس کے ایک دِن بعد یہ واقعہ پیش آیا ہے۔**x**

**Mandviya Cycling**

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈیا نے آج نئی دلّی میں **Fit India Cycling Tuesdauy's** پہل کا آغاز کیا۔ تقریب میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے اچھی صحت کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ صرف ایک صحت مند معاشرہ ہی خوش حال ملک کی تعمیر کر سکتا ہے۔ جناب مانڈویا نے مزید کہا کہ اِس پہل کا مقصد ہوا کے معیار کے اشاریے **AQI** کو بہتر بنائے جانے کے تئیں بیداری پیدا کئے جانے کے ساتھ ساتھ بھارت کو صحتمند اور آلودگی سے پاک بنانا ہے۔ **Fit India Cycling Tuesday's** ، فِٹ انڈیا تحریک کے تحت ایک اہم پہل ہے، جس کا آغاز وزیراعظم نریندر مودی نے **2019** میں کیا تھا۔ **x**

**Smart Phone export Record**

بھارت پوری دنیا میں اسمارٹ فون برآمد کرنے والا تیسرا سب سے بڑا ملک بن گیا ہے۔ **2019** میں بھارت **23** ویں مقام پر تھا۔ ملک کی اسمارٹ فون کی برآمدات نومبر **2024** میں ایک ہی مہینے میں **20** ہزار کروڑ روپے کو تجاوز کرگئی ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک خبروں کے تبصرے کو شیئر کرتے ہوئے الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے اِس حصولیابی کی تعریف کی اور اِس کو'' میکنگ بھارت اسٹوری'' کا نام دیا۔ **x**

**Cricket**

**Brisbane** کے گابا میں بارڈر گواسکر ٹرافی کے تیسرے ٹسٹ میچ میں آسٹریلیا کی پہلی اننگز کے خلاف بھارت نے **9** وکٹ پر **252** رَن بنا لیے تھے۔ تاہم بھارت نے فالو آن بچا لیا ہے۔ بھارت کی ٹیم ابھی بھی **193** رَن سے پیچھے ہے۔ آج کا کھیل ختم ہونے پر آکاش دیپ اور جسپریت بمرا کھیل رہے تھے۔

آج صبح چوتھے دِن مہمان بھارتی ٹیم نے اپنی اننگز چار وکٹ کے نقصان پر **51** رَن کے اسکور سے آگے کھیلنا شروع کیا۔ ناتھن لیوون نے کے ایل راہل کو **84** رَن پر آؤٹ کرکے اپنا پہلا وکٹ لیا۔ پیٹ کمنس نے چار اہم وکٹ لیے۔

**xxxxxxxxxxxxxxxxxxxxx**